36948 ـ ایسی كوئي دعاءنہیں جوخصوصا مقام ابراھیم پرمانگی جاتی ہو

سوال

كيا كوئي ايسى معين دعاء ہے جسےميں مقام ابرهيم پر مانگوں ؟

پسنديده جواب

الحمد لله.

الحمدلله

شيخ ابن عثيمين رحمہ الله تعالى كہتے ہيں :

بعض حجاج كرام اور عمره كرنے والے حضرات مقام ابراهيم كےپاس كھڑے ہوكرايسي دعاء مانگتے ہيں جوكہ نبي كريم صلى الله عليہ وسلم سے ثابت نہيں ، اوركبھي تو بلند آواز سے دعاء مانگ كر مقام ابراهيم كے پيچھے طواف كي نماز پڑھنے والوں كوتكليف ديتے ہيں .

مقام ابراهيم كے ليے كوئي دعاء نہيں بلكہ سنت تويہ ہے كہ مقام ابراهيم پر ہلكي پھلكي نماز ادا كرے اور سلام پھيرتے ہي وہاں سے چل دے تاكہ وہ جگہ كسي دوسرے نماز ادا كرنے والے كے لئے چھوڑ دے كيونكہ وہ اس كا زيادہ حق دار ہے . اھـ.